# 08-09-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ کی ہدایت پر کسانوں کو یوریا کی بلا رکاوٹ سربراہی کیلئے تقسیمی مراکز میں اضافہ کیا گیا ہے۔

۲۔ پسماندہ طبقات کی بہبود اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے بی جے پی کی زیر قیادت مرکزی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ کھاد کی مصنوعی قلت پیدا کرتے ہوئے تلنگانہ کے کسانوں سے جان بوجھ کر امتیازی سلوک کر رہی ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر کامرس وصنعت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ تجارتی گھرانوں کو سودیشی مصنوعات پر توجہ دینی ہوگی کیونکہ اس سے نہ صرف بھارت کی مجموعی پیداوار کو فروغ ملے گا بلکہ ملک کا مالی نظام بھی مستحکم ہوگا۔

اور

۴۔ نائب صدر جمہوریہ کے عہدہ کیلئے کل انتخابات ہوں گے۔

TUMMALA

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ کی ہدایت پر کسانوں کو یوریا کی بلا رکاوٹ سربراہی کیلئے تقسیمی مراکز میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اِس وقت تقریباً 12 ہزار سرکاری اور خانگی مراکز پر یوریا سربراہ کیا جارہا ہے۔ تاہم کئی مقامات پر کسانوں کا زبردست ہجوم ہے۔ اِس مسئلہ سے نمٹنے کے لئے محکمہ زراعت نے ریاست بھر میں 500 رعیتو سدسو پلیٹ فارمس کے ذریعہ یوریا کی تقسیم شروع کی ہے۔ اگریکلچر ڈائرکٹر بی گوپی نے بتایا کہ رعیتو سدسو پلیٹ فارمس پر 500 ای پاس قائم کئے جارہے ہیں۔ یہاں ٹوکن کے ذریعہ یوریا تقسیم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ عہدیداروں اور عملہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کسانوں کو گھنٹوں انتظار سے بچانے کے لئے اقدامات کرے۔

SEETHAKKA

ریاستی وزیر پنچایت راج دانا سری سیتا اکا نے بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ پر الزام لگایا ہے کہ وہ ملگو میں مائدم مہیش نامی ایک ملٹی پرپز ورکر کی موت کا سیاسی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ سیتا اکا نے ایک بیان میں کہا کہ عوام اِس بات کو ابھی نہیں بھولے ہیں کہ کس طرح بی آر ایس کے دور حکومت میں صفائی مزدروں کو تنخواہیں نہیں مل رہی تھیں اور انہیں احتجاج کرنا پڑ رہا تھا۔ سیتا اکا نے کہا کہ مہیش کے معاملہ میں دو مہینہ کی تنخواہ کی تاخیر مقامی پنچایت عملہ کی غفلت کی وجہ سے ہوئی اور یہ کوئی بجٹ کا مسئلہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پنچایت سکریٹری کو معطل کردیا اور بل کلکٹر کو ہٹا دیا۔ انہوں نے کہا کہ مہیش کے خاندان کو معاوضہ بھی ادا کیا گیا ہے۔

PONNAM

پسماندہ طبقات کی بہبود اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے بی جے پی کی زیر قیادت مرکزی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ کھاد کی مصنوعی قلت پیدا کرتے ہوئے تلنگانہ کے کسانوں سے جان بوجھ کر امتیازی سلوک کر رہی ہے۔ گاندھی بھون میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ارکانِ پارلیمنٹ اور ریاستی وزرا کی اپیلوں کے باوجود مرکز کھاد کی مناسب مقدار میں سربراہی میں ناکام ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو 11 لاکھ ٹن یوریا کی ضرورت ہے لیکن صرف 5.2 لاکھ ٹن یوریا سربراہ کیا گیا ہے۔ راما گنڈم فرٹیلائزر فیکٹری چار مہینوں سے بند ہے جس کی وجہ سے کسانوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ پونم پربھاکر نے الزام لگایا کہ مرکزی وزرا کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کے بشمول بی جے پی کے قائدین کو کسانوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ انہوں نے مرکز سے مطالبہ کیا کہ وہ تلنگانہ کے کسانوں کو جنگی پیمانہ پر کھاد سربراہ کرے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر اِس مسئلہ کو حل نہیں کیا گیا تو احتجاج میں شدت پیدا کی جائے گی۔

KTR-VP

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راوٴ نے اعلان کیا ہے کہ ان کی پارٹی کل نائب صدر کے عہدہ کیلئے انتخابات میں حصہ نہیں لے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں یوریا کی قلت پر برہم کسانوں کے ساتھ اظہارِ یگانگت کرتے ہوئے بی آر ایس انتخابات سے دور رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوریا کی قلت کی وجہ سے طویل قطاروں میں انتظار کررہے کسانوں میں ہاتھا پائی ہورہی ہے۔

FELICITATE

یوتھ ورلڈ آرچری چمپئن چکیتا تنی پرتی نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ چکیتا نے کینڈا میں حال ہی میں منعقدہ 2025ء یوتھ ورلڈ آرچری چمپئن شپ میں گولڈ میڈل جت کر ریکارڈ قائم کیا۔ ریونت ریڈی نے چکیتا کو چین کے شنگھائی میں منعقدہ سینئر ورلڈ کپ ٹیم مقابلہ میں سلور میڈل جیتنے پر بھی مبارکباد دی۔ چکیتا کو تہنیت پیش کرنے کے بعد چیف منسٹر نے کہا کہ ریاستی حکومت انہیں ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ اولمپکس میں میڈل جیتنے کے لئے انہیں درکار ٹریننگ بھی فراہم کی جائے گی۔

SWADESHI

مرکزی وزیر کامرس وصنعت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ تجارتی گھرانوں کو سودیشی مصنوعات پر توجہ دینی ہوگی کیونکہ اس سے نہ صرف بھارت کی مجموعی پیداوار کو فروغ ملے گا بلکہ ملک کا مالی نظام بھی مستحکم ہوگا۔ دہلی میں آج 56 ویں ای ای پی سی انڈیا نیشنل ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر چیالنجوں کے باوجود بھارت ایک ملک کی حیثیت سے متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے 140 کروڑ عوام کو چاہئے کہ وہ بھارت میں بننے والی اشیاء پر توجہ دیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جی ایس ٹی شرحوں میں کمی کے ذریعہ وزیراعظم مودی نے گھریلو مانگ کو فروغ دیا ہے۔

Sound Byte Goyal

Lol

تلنگانہ کی حکومت اور آسٹریلیا کی ڈیکن یونیورسٹی نے حقیقی دنیا کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے آرٹیفشل انٹلیجنس کے حل کو فروغ دینے ایک معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔اس کے علاوہ وہ ایجادات،صنعتکاری اور سرمایہ کاری کیلئے نئے مواقع تلاش کریں گے۔آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو کے دفتر سے جاری کئے گئے ایک بیان میں کہا گیا کہ ریاست میں سب سے پہلا اے آئی سنٹر آف ایکسلنس اسی یونیورسٹی نے قائم کیا ہے۔یونیورسٹی کے وائس چانسلر ایان مارٹی اور آئی ٹی محکمہ کے ڈپٹی سکریٹری بھاویش مشرا کی موجودگی میں آج حیدرآباد میں اس معاہدہ پر دستخط کئے گئے۔ریاستی حکومت اور آسٹریلیا کی یونیورسٹی اہم شعبوں میں اے آئی کے استعمال کو فروغ دیں گی اور تلنگانہ کو ذمہ دار اور سب کیلئے کارآمد اے آئی کے عالمی مرکز کی حیثیت سے ترقی دیں گی۔ ریاست میں جدید ہنرمندی،اے آئی تعلیم اور ورک فورس کی تیاری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ سریدھر بابو نے بتایا کہ آسٹریلیا کی یونیورسٹی کی تحقیقی مہارت اور تلنگانہ میں نئ ایجادات کے ماحول کے تال میل سے اے آئی کے ذریعہ طبی خدمات،تعلیم،حکمرانی اور تجارت کے شعبوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔

SC-BJP

سپریم کورٹ نے بی جے پی کی تلنگانہ یونٹ کی ایک عرضی کو مسترد کردیا جس میں اس نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے خلاف ہتک عزت کے ایک مقدمہ کو مسترد کرنے کے ہائی کورٹ کے فیصلہ کو چیالنج کیا تھا۔2024ء کے لوک سبھا انتخابات کی مہم کے دوران ریونت ریڈی نے چند ریمارکس کئے تھے جس کی بنا پر ان کے خلاف یہ مقدمہ دائر کیا گیا تھا۔چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی،جسٹس کے ونود چندرن اور جسٹس اتل ایس چندورکر پر مشتمل بنچ نے کہا کہ عدالتوں کو سیاسی تنازعات میں گھسیٹا نہیں جانا چاہئے۔بی جے پی کے ریاستی جنرل سکریٹری کاسم وینکٹیشورلو نے مئی 2024ء میں ایک شکایت درج کراتے ہوئے الزام لگایا تھا کہ ریونت ریڈی نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں ایک ریالی کے دوران جھوٹے اور ہتک آمیز ریمارکس کئے تھے۔

VP-ELECTION

نائب صدر جمہوریہ کے عہدہ کیلئے کل انتخابات ہوں گے۔ ان انتخابات میں این ڈی اے کے امیدوار اورمہاراشٹرا کے گورنر سی پی رادھا کرشنن کا مقابلہ انڈیا بلاک کے امیدوار اور سپریم کورٹ کے سابق جج بی سدرشن ریڈی سے ہوگا۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ارکان پر مشتمل الیکٹورل کالج نائب صدر جمہوریہ کو منتخب کرتا ہے۔ اس انتخاب میں خفیہ رائے دہی ہوتی ہے۔ اس وقت لوک سبھا میں 542 اور راجیہ سبھا میں 239 ارکان ہیں۔ اس مرتبہ نائب صدر کے انتخاب کیلئے 781 ووٹرس ہیں۔ 391 ووٹ حاصل کرنے والے کو اکثریت حاصل ہوگی۔ اس سال جولائی میں جگدیپ دھنکر نے استعفیٰ دے دیا تھا جس کی وجہ سے اس انتخاب کی ضرورت پیش آئی ہے۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے ذخائر آب میں نئی جان ڈالنے اور دونوں شہروں کو پینے کے پانی کی سربراہی کو بہتر بنانے کے لئے مختلف پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ آج شام گنڈی پیٹ میں منعقدہ ایک پروگرام میں چیف منسٹر نے گوداوری پینے کے پانی کی اسکیم کے پہلے اور دوسرے مرحلوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان مراحل کے ذریعہ حسین ساگر اور حمایت ساگر کو پُر کیا جائے گا۔ یہ پراجکٹ 7 ہزار 360 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جارہا ہے۔ توقع ہے کہ یہ پراجکٹ دوسال میں مکمل ہوجائے گی۔

OO